web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED

Daily PEARL VIEW

Member AKNS

Rawalakot

روزنامہ

پرل ویو

ایڈیٹر انچیف: شفقت ضیاء

راولاکوٹ

اسلام آباد

جلد:10	ہفتہ 23 مارچ 2024ء 12 رمضان المبارک 1445ھ 10 چیت 2081 ب	صفحات 04 قیمت 20 روپے	شمارہ 035

Email: dailypearlview@gmail.com

جامعہ پونچھ وائس چانسلر کی زیر صدارت اجلاس مالیاتی امور سے متعلق بریفنگ

اعلیٰ تعلیمی اداروں کی بقاء کا دارومدار کارکردگی پر ہے، بدلتی صورتحال کے مطابق اپنے آپ کو تیار کرنا ہوگا، ڈاکٹر ذکریا ذاکر

وائس چانسلر کا کام کی پیشرفت پر اظہار اعتماد، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف، مختلف فیکلٹیز کے ڈینز اور دیگر اعلیٰ افسران کی بھی شرکت

راولاکوٹ (پرل نیوز) وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) نے یہاں جامعہ کے انتظامی افسران کے اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں تدریسی و انتظامی سرگرمیوں کا جائزہ جبکہ متعلقہ شعبوں کے سربراہان نے کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ وائس چانسلر نے افسران کو ملک میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں ہونے والی تبدیلیوں جبکہ حکومتی پالیسی سمیت اہم پیشرفت سے بھی آگاہ کیا۔ وائس چانسلر نے کہا کہ ہم نے اعلیٰ تعلیم کے شعبے (بقیہ 01 صفحہ 03)

راولاکوٹ: وائس چانسلر جامعہ پونچھ ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر تدریسی اور انتظامی افسران کی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف اور دیگر بھی موجود ہیں

میں کسی بھی پیشرفت کیلئے اپنے آپ کو پہلے سے تیار کرتا ہے۔ ہم نے ملک کی بدلتی ہوئی اقتصادی صورتحال اور اس کے اعلیٰ تعلیم پر ممکنہ اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کرنا ہو گا۔ ملک وقوم کو اعلیٰ تعلیمی اداروں سے جو توقعات ہیں ان پر پورا اترنا ہوگا۔ اب جامعات کی بقاء کا دارومدار صرف اور صرف کارکردگی پر ہوگا۔ لہٰذا ہم سب نے ملکر اپنے آپ کو اس قابل بنانا ہوگا اجلاس میں رجسٹرار و ڈین بیسک اینڈ اپلائیڈ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان، ڈین میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالخالق، ڈین مینجمنٹ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر امتیاز حسین، ڈین ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈین ویٹرنری اینمل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار کھوسو، ڈین انجینئرنگ ڈاکٹر محبوب عالم، ڈائریکٹر فنانس محمد فہیم خان، پراجیکٹ ڈائریکٹر فیز 2 انجینئر فرخ سلیم، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر امتیاز احمد، ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز ڈاکٹر ذبیح عباسی، ڈائریکٹر اسٹیٹ خورشید قاسم، ڈائریکٹر سپورٹس محمد یونس خان سمیت تمام فیکلٹیز کے انتظامی امور سے متعلق افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر پلاننگ عدنان جاوید نے مالیاتی امور سے متعلق شعبہ جاتی رپورٹ پیش کی۔ انھوں نے آمدن و اخراجات کی تفاوت کو بھی واضح کیا۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر چھوٹا لاہور کیمپس نے پراجیکٹ پر کام کی رفتار سے متعلق ہاؤس کو آگاہ کیا۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر فیز ون انجینئر محمد اقبال خان نے منصوبے کی امکانی تکمیل پر بریفنگ دی۔ وائس چانسلر نے تمام شعبوں اور افسران کی کارکردگی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ملک کی بدلتی ہوئی اقتصادی صورتحال اور اس کے اعلیٰ تعلیم پر ممکنہ اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کرنا ہوگا۔ ملک وقوم کو اعلیٰ تعلیمی اداروں سے جو توقعات ہیں ان پر پورا اترنا ہوگا۔ اب جامعات کی بقاء کا دارومدار صرف اور صرف کارکردگی پر ہو گا۔ لہٰذا ہم سب نے ملکر اپنے آپ کو اس قابل بنانا ہوگا